”پری شاہ“ نام رکھنا

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3349

تاریخ اجراء: 07 جمادی الاخریٰ 1446ھ / 10 دسمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

پری شاہ نام رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

پری کا معنی ہے: "بہت حسین عورت"۔ اور شاہ کا معنی: بہترین اور عمدہ بھی آتا ہے۔ پس یہ نام رکھنا جائز ہے، البتہ! بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات، صاحبزادیوں، صحابیات اور نیک عورتوں (رضی اللہ تعالی عنہن) کے نام پر رکھا جائے کہ ایک تو حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کا فرمایا گیا ہے اور دوسرا اس سے امید ہے کہ ان کی برکت بچی کے شامل حال رہے گی۔

فیروز اللغات میں ہے "پری: بہت حسین عورت۔" (فیروز اللغات، ص310، فیروز سنز، لاہور)

ویب سائٹ پر موجود ریختہ ڈکشنری میں ہے "شاہ"۔۔۔ بہترین، عمدہ"

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: ”تسموا بخیارکم“ ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الكتب العلمية، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیھم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔“ (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ:ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں،وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔نیچے دئیے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net